## سوال

(378) کیا زکوۃ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکتی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک جگہ سے دوسری جگہ زکوۃ منتقل کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصلحت کے پیش نظر انسان ایک جگہ سے دوسری جگہ زکوۃ منتقل کرسکتا ہے۔ اگر انسان کے مستحق رشتہ دار کسی دوسرے شہر میں رہتے ہوں، تو ان کی طرف زکوۃ بھیجنے میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح انسان کے اپنے شہر کے لوگوں کی مالی حالت بہت اچھی ہو اس لئے وہ کسی دوسرے ایسے شہر میں زکوۃ کی رقم بھیج دے جہاں کے باشندے زیادہ فقیر ہوں تو بھی اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر ایک شہر سے دوسرے شہر میں زکوۃ بھیجنے میں ایسی کوئی مصلحت نہ ہو تو پھر زکوۃ کی رقم دوسرے شہر نہ بھیجی جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ ارکان اسلام

## عقائد کے مسائل: صفحہ 357

محدث فتویٰ